


بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
حُبِ حق وحُبِ محبوبانِ حق
در دلِ احمد بود ہر دم سبق
باجازت
پیر خواجہ حضرت محمد فاروق احمد چشتی میروی نظامی
سجادہ نشین دربار عالیہ میرا
دارالاشاعت: مکتبہ میرویہ میرا شریف (اٹک)
0300-2644759
0342-2644200

شجرۂ عالیہ چشتیہ نظامیہ میردیہ

اے خداوندا ! تو ذاتِ کبریا کے واسطے
رحم کر مجھ پر محمد مصطفےٰ ﷺ کے واسطے

میں ہوا ہوں سخت زار اس بندِ محنت میں اُسیر
کھول دے مشکل علی رضی اللہ عنہ مشکل کشا کے واسطے

خواجہِ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کا نام لاتا ہوں شفیع
شیخ عبدالواحد رحمۃ اللہ علیہ اہلِ بقا کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ خواجہِ ابنِ عیاض رحمۃ اللہ علیہ
شاہ ابراہیم بلخی رحمۃ اللہ علیہ بادشاہ کے واسطے

حضرت خواجہ حذیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے لئے ٹک رحم کر
پھر ہبیرہ البصری رحمۃ اللہ علیہ صاحب ہدیٰ کے واسطے

خواجہِ مُمشاد رحمۃ اللہ علیہ کی خاطر میرا دل شاد کر

شیخ بو اسحاق قطبِ چشتیہ کے واسطے

خواجۂ ابدال احمد رحمۃ اللہ علیہ بو محمد رحمۃ اللہ علیہ مقتدا

خواجۂ بویوسف رحمۃ اللہ علیہ صاحب صفا کے واسطے

خواجۂ مودودِ حق رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ حاجی شریف

خواجۂ عثمان رحمۃ اللہ علیہ اہلِ اقتداء کے واسطے

والئ ہندوستان خواجہ مُعینُ الدّین حسن رحمۃ اللہ علیہ

شیخ قُطبُ الدّین رحمۃ اللہ علیہ قُطبِ الاتقیا کے واسطے

کام کر شیریں طفیلِ خواجۂ گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ

اور نظامُ الدّین رحمۃ اللہ علیہ محبوب اولیاء کے واسطے

دل کو روشن کر طفیلِ شاہ نصیر الدّین چراغ رحمۃ اللہ علیہ

اور کمالُ الدّین رحمۃ اللہ علیہ کمالِ اصفیاء کے واسطے

دورِ کر ظلمت سراجُ الدّین رحمۃ اللہ علیہ و دنیا کے لئے

اورِ علمُ الحق رحمۃ اللہ علیہ والدّین عَلمِ الہدیٰ کے واسطے

حضرت محمود رحمۃ اللہ علیہ راجن سرورِ دنیا و دیں
اور جمالُ الدّیں رحمۃ اللہ علیہ جمن صاحب صفا کے واسطے

شیخ حسن رحمۃ اللہ علیہ اور خواجہ شیخ محمد رحمۃ اللہ علیہ کے طفیل
حضرت یحییٰ مدنی رحمۃ اللہ علیہ مقتدیٰ کے واسطے

فضل کر مجھ پر طفیلِ شاہ کلیم اللہ ولیؒ
اور نظام الدّیں رحمۃ اللہ علیہ مقبولِ خدا کے واسطے

دین و دنیا کا وسیلہ پیرِ عالم فخر الدّین رحمۃ اللہ علیہ
خواجۂ نور محمد رحمۃ اللہ علیہ رہنما کے واسطے

حضرت خواجہ سلیمان رحمۃ اللہ علیہ دوجہاں کے دستگیر
قبلۂ حاجات و کعبۂ مُدعا کے واسطے

مسندِ تاجِ شریعت گوہرِ کانِ ہُدیٰ
خواجہ اَحمد میروی رحمۃ اللہ علیہ رہنما کے واسطے

آفتابِ اہلِ عرفاں شمعِ دینِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

خواجہ احمد خان رحمۃ اللہ علیہ سراجِ اولیاء کے واسطے
منبعِ جود و سخا اور پیکرِ صبرورضا
خواجہ عبداللہ فقیر رحمۃ اللہ علیہ بے ریا کے واسطے
یا خدا مقبول فرما قلبِ مضطر کی دعا
خواجہ مقبول احمد رحمۃ اللہ علیہ مقبولِ اِلہ کے واسطے
بخش دے .... اپنی محبت اور قطع کردے ماسوا
(پڑھنے والا یہاں اپنا نام لے)
صدقہِ پیرانِ شجرہِ چشتیہ کے واسطے

الٰہی بکربت وغربت خاکِ راہِ دردمنداںِ احمد رحمۃ اللہ علیہ عاقبت بخیر گرداں

ترجمہ: الٰہی حضرت خواجہ احمد میروی رحمۃ اللہ علیہ سے محبت کرنے والوں کی خاک راہ کی تکلیف ومسافری کے صدقے ان کی عاقبت بخیر فرما



آدابِ زیارات

ذٰلِكَ وَمَنۡ يُعَظِّمۡ شَعَآئِرَ اللّٰهِ فَإِنَّهَا مِنۡ تَقۡوَى الۡقُلُوبِ

یہی (حکم) ہے، اور جو شخص اللہ کی نشانیوں کی تعظیم کرتا ہے (یعنی ان جانداروں، یادگاروں، مقامات، احکام اور مناسک وغیرہ کی تعظیم جو اللہ یا اللہ والوں کے ساتھ کسی اچھی نسبت یا تعلق کی وجہ سے جانے پہچانے جاتے ہیں) تو یہ (تعظیم) دلوں کے تقویٰ میں سے ہے (یہ تعظیم وہی لوگ بجالاتے ہیں جن کے دلوں کو تقویٰ نصیب ہو گیا ہو) (الحج: آیت 32)

زمین پر اولیائے کرام کے مزارات شعائر اللہ یعنی اللہ تعالیٰ کی نشانیاں ہیں۔ زمین میں سیر کرنے کے قرآنی حکم کے مطابق اور نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّم کے قبرستان کی زیارت کے حکم کے مطابق یہاں آنا، اپنی آخرت کو یاد کرنا، اولیائے کرام کی قبور کو دیکھ کر اپنی زندگی کو اچھے خطوط پر چلانے کے لئے خود کو عبادت، فاتحہ، درود اور دعا میں مشغول کرنا نیک اعمال میں سے ہے۔ لہٰذا نفل نماز، روزہ، حج، تلاوت، تسبیح و تہلیل، پانی کا کنواں، سبیل یا واٹر کولر، اور پھلوں کے باغات (یا پھل جو مالی خیرات کے طور پر تقسیم کیا جاتا ہے)

جیسے نیک اعمال میّت کے ایصالِ ثواب کے لئے پیش کئے جاسکتے ہیں۔

★ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک عورت نے عرض کی، کہ میری بہن فوت ہوگئی اور اس پر روزوں کی قضا ہے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگر اس پر قرض ہوتا تو کیا تم ادا کرتیں؟ تو عرض کی، جی! آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کا قرض ادائیگی کا زیادہ حق دار ہے، (کہ اس کو ادا کیا جائے۔)

(سُننِ دارمی،۲:۱۹۵)

★ انسان باوضو ہو کر حاضری دے۔★ پاؤں کی طرف سے چہرے کی جانب آئے۔★ اگر قبر کا بوسہ لینا چاہے تو اس طرح کہ قبر کو سجدہ ہونے کا گمان نہ ہو۔

★ قبر سے ادباً پیچھے ہو کر بیٹھ جائے، سورہ یٰسین شریف، سورہ ملک، سورہ مزمل، آخری تینوں قل شریف، سورہ فاتحہ، سورہ بقرہ کا پہلا رکوع مُفْلِحُوْنَ تک اور آخری رکوع لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ .... الْكَافِرِیْنَ تک پڑھے، یا جتنا ممکن ہو سکے قرآنِ پاک پڑھ کر اس طرح ایصالِ ثواب کرے:

★ یا اللہ تعالیٰ! جو کچھ میں نے پڑھا، جو کچھ میرے مِلک کیا گیا ہے ،اس کا ثواب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں پیش کرتا ہوں، یا الٰہی قبول فرما۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وسیلے سے ازواجِ مطہرات، اہلِ بیتِ اطہار، صحابہ کرام، اولیائے کرام، اپنے والدین اگر فوت ہو چکے ہوں، تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو ایصالِ ثواب کرتا ہوں، یا اللہ کریم تو قبول فرما۔ یا اللہ کریم! تو ان تمام نیک اعمال کا ثواب صاحبِ مزار اگر نام یاد ہو تو ادب سے نام لے کر اُن کی روحِ مبارک کو ایصالِ ثواب کرے۔ اپنے تمام نیک اور جائز مقاصد ، جائز حاجتیں محتاجی، رزقِ حلال، نیکی کی توفیق، برائی سے نفرت، ایمان پر خاتمہ، موت کے وقت کلمہ طیّبہ، قبر کی وسعت اور سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پہچان اور حساب آسان، لوائے حمد کا سایہ، جنت میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت، حوضِ کوثر سے جامِ کوثر، جنت میں ان بزرگوں کی قربت، اپنی اور اپنی اولاد، بنی نوعِ انسان اور امتِ مسلمہ کی صحت، علمِ نافع اور اپنی مغفرت و بخشش کی بڑی عاجزی اور انکساری سے رو کر قبولیّت کے یقین سے دعا مانگے۔

آمین ثم آمین بجاہِ طٰہٰ و یٰسین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خواجگانِ میرا شریف کا مختصر تعارف

مظہر صد شانِ رحمت خواجہ احمد میروی

تابشِ نورِ رسالت خواجہ احمد میروی

1

شیخ المشائخ محبوب اللہ الصمد حضرت خواجہ احمد چشتی نظامی میروی رحمۃ اللہ علیہ

خاندان اعوان (کھوکھر) **والد ماجد** حضرت میاں برخوردار رحمۃ اللہ علیہ

ولادت ۱۲۵۰ھ بمطابق 1832ء کرغہ کنڈ (بلوچستان)

بیعت و خلافت 15 سال کی عمر میں 1847ء میں خواجہ شاہ سلیمان تونسوی سے ہوئی

تعلیم تونسہ شریف، ملتان اور کلور کوٹ میں تعلیم حاصل کی

فیض صحبت حضرت خواجہ اللہ بخش تونسوی رحمۃ اللہ علیہ حضرت خواجہ سیّد محمد فاضل شاہ رحمۃ اللہ علیہ گڑھی شریف سے حاصل کی۔

دور سیاحت سات (۷) سال کشمیر، شمالی علاقہ جات، مزاراتِ اولیائے کرام، ملتان، دہلی، اجمیر شریف۔

میرا شریف میں قیام کی مدت تقریباً 30 سال

وصال شریف 5 محرم الحرام 1330ھ

2

حضرت خواجہ احمد خان چشتی نظامی میروی رحمۃ اللہ علیہ المعروف ثانی صاحب

لقب	حسنِ انتظام کی وجہ سے عمرِ ثانی رحمۃ اللہ علیہ کا لقب عطا ہوا
ولادت	چکڑالہ ضلع میانوالی میں ۱۲۸۷ھ میں ہوئی
والد کا نام	حضرت محمد پناہ رحمۃ اللہ علیہ
بیعت و خلافت	حضرت اعلیٰ خواجہ احمد میروی رحمۃ اللہ علیہ
تعلیم	بلکسر، چک چکوڑہ، مکھڈ شریف، شکار پور پونچھ، سکندر پور ہزارہ میں حاصل کی۔
دستارِ فضیلت	۲۸ شعبان المعظم ۱۳۰۸ھ
مدت سجادگی	20 سال
وصال	21 صفر المظفر 1350ھ

حضرت خواجہ فقیر محمد عبداللہ چشتی نظامی میروی رحمۃ اللہ علیہ

لقب	فقیر۔ تاج الفقراء
والد	حضرت محمد عبدالرحمٰن رحمۃ اللہ علیہ (خواجہ احمد خان ثانی رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے بھائی)
ولادت	چکڑالہ ضلع میانوالی
بیعت	حضرت خواجہ احمد چشتی نظامی میروی رحمۃ اللہ علیہ
خلافت	حضرت خواجہ احمد خان چشتی نظامی میروی رحمۃ اللہ علیہ
مدت سجادگی	45 سال
وصال	2 صفر المظفر 1395ھ

حضرت خواجہ مقبول احمد میروی رحمۃ اللہ علیہ چشتی نظامی

والد	حضرت فقیر محمد عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ
ولادت	۱۹۴۳ء میرا شریف میں ہوئی
بیعت	حضرت خواجہ شاہ نظام الدین تونسوی رحمۃ اللہ علیہ
خلافت	حضرت خواجہ فقیر محمد عبد اللہ رحمۃ اللہ علیہ
تعلیم	درسِ نظامی ۔ ایف اے (FA) طب (ہومیو پیتھی)
مدتِ سجادگی	37 سال (1975ء تا 2011ء)
وصال	11 ذیقعدہ 1432ھ بمطابق 9 اکتوبر 2001ء

فرمودات وتعلیمات خواجگانِ میراشریف

فرمایا: فقر دس حصہ ہے، ایک حصہ ذکر وفکر اور نو (۹) حصہ خلقت سے جدا رہنا۔

فرمایا: ہمارے طریقہ میں دو (۲) بھاری شرائط ہیں، ایک مسجد میں نماز باجماعت ادا کرنا اور دوسرا علمِ دین پڑھانا۔

فرمایا: کتبِ تصوّف کا مطالعہ کرنا۔ دو تین حکایات یا (بزرگوں کے) حالات ہر روز پڑھنا۔

فرمایا: نفل تہجّد ہمیشہ پڑھنا، اگر کبھی قضا ہو جائیں تو دن چڑھے قضا پڑھ لینی چاہیے۔

فرمایا: چار رکعت سنت عصر اور چار رکعت سنت قبل عشاء (غیر مؤکدہ) بھی ضرور پڑھ لینی چاہیے۔

فرمایا: عبادت لوجہِ اللہ (اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے) کرنی چاہیے، کسی قسم کا اس میں ریا نہ ہو۔ جب عبادت ریا سے مبرّا ہوگی اور خلوص سے معمور ہوگی تو کاروبارِ دنیا بفضلِ الٰہی خود بخود سرانجام پانے لگتے ہیں۔

فرمایا: سلسلہ شریف، دورد مستغاث، اُسبوع شریف، اسماءُ الحسنیٰ

اور دعائے کبیر پڑھا کرو اسماءُ الحسنٰی کو اس طرح پڑھتے: یَا اَللّٰہُ جَلَّ جَلَالُہٗ۔ یَا رَحْمٰنُ جَلَّ جَلَالُہٗ۔ یَا رَحِیْمُ جَلَّ جَلَالُہٗ۔ یعنی ہر اسم کے ساتھ جَلَّ جلالہٗ پڑھا جائے تو زیادہ بہتر ہے۔

فرمایا: جو کام کرو اللہ جل شانہٗ کے واسطے کرو، ہر کارِ خیر سے مقصود یہ ہو کہ اس کی بدولت اللہ سبحانہٗ اپنی محبت عطا کردے۔

فرمایا: ذکر جہر مبتدی (ابتدائی سالک) کے لئے ہے اور مراقبہ منتہی (آخری درجہ پر فائز) کے لئے ہے۔

فرمایا: طریقہِ مراقبہ کی مشق زیادہ کرنی چاہیے۔ کیونکہ مراقبہ تمام سلاسل میں بابِ انتہاء ہے۔ مراقبہ آرام دہ ہے اور ذکر جہر جلا دیتا ہے۔ پہلے سوز اور جوش پیدا کرتا ہے۔ اور آخر میں آرام پہنچاتا ہے اور سکون طاری کرتا ہے۔ اس طریقہ کا ہمیشہ خیال رکھیں۔

فرمایا: بھوکے کو کھلانا اور ننگے تن کو ڈھانپنا مقبول عمل ہے۔ اپنی آرائش وزیبائش پر زیادہ خرچ نہ کرنا چاہیے۔

فرمایا: سخاوت میں سورج کی طرح، تواضع (عاجزی) میں پانی کی طرح بننا اور تحمل (بردباری) میں زمین کی طرح بن کر

مخلوق کی جفاؤں کو برداشت کرنا۔

فرمایا: دنیائے دَنی (گھٹیا دنیا) کے واسطے کوئی وظیفہ نہ پڑھا کرو۔
کتبِ تعویذات و عملیات سالکوں کیلئے راہ زن (ڈاکو) ہیں

سلسلہ چشتیہ نظامیہ میرویہ کے اوراد و وظائف

نمازِ پنجگانہ کے بعد

۱۰۰ مرتبہ: یَا اَللّٰہُ ۱۰۰ مرتبہ درود شریف

اَللّٰہُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ

برائے رفع پریشانی و بے چینی

هُوَ الَّذِي أَنْزَلَ السَّكِينَةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ
لِيَزْدَادُوا إِيمَانًا مَعَ إِيمَانِهِمْ وَلِلَّهِ جُنُودُ
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَكَانَ اللَّهُ عَلِيمًا حَكِيمًا

(سورۃ الفتح: آیت ۴)

سات مرتبہ پڑھ کر دائیں ہاتھ پر دم کریں اور سینے پر ملیں۔

برائے حفاظت جان و مال

بعد نماز جمعہ سات سات مرتبہ آخری تین قل بغیر کسی سے گفتگو کیے پڑھیں

تاریخ اعراس

خواجگان میرا شریف

شیخ المشائخ محبوب اللہ الصمد
حضرت خواجہ **احمد** چشتی نظامی میروی
عرس 5'4'3 محرم الحرام

حضرت
خواجہ **احمد خان** چشتی نظامی میروی
المعروف ثانی صاحب
عرس 21'20'19 صفر المظفر

حضرت
خواجہ فقیر **محمد عبداللہ** چشتی نظامی میروی
عرس 3'2'1 صفر المظفر

حضرت
خواجہ **مقبول احمد** چشتی نظامی میروی
وصال ۱۱ ذی قعدہ ۱۴۳۲ھ بمطابق 9 اکتوبر 2011ء
عرس 5'4'3 محرم الحرام
محبوب اللہ الصمد خواجہ کے عرس کے ساتھ